Gillette Pakistan Limited

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ جیلٹ پاکستان لمیٹڈ (کمپنی) کا ایک غیر معمولی اجلاسِ عام بروز بدھ ۱۰ جون ۲۰۰۹ کو صبح ۱۱ بجے بمقام سن فلاور ہال، چیمبر گلزری ہوٹل، مولوی تمیز الدین خان روڈ، کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جا رہا ہے:

عمومی امور:

۱۔ ۲۳ ستمبر ۲۰۰۸ کو منعقدہ کمپنی کے ۲۱ ویں سالانہ اجلاسِ عام میں زیرِ غور امور کی تفصیلات کی تصدیق۔

۲۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اگلے تین سالوں کے لئے کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کے سیکشن (۱)۱۷۸ کے تحت کمپنی کے لئے سات ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز، جو دوبارہ انتخاب کے لئے بھی موزوں ہیں، یہ ہیں:

- سعد امان اللہ خان
- ال عبد المالک راجوانی
- قید عبد اللہ اے ال عبد الکریم
- جمال عیسیٰ اے ال شواکھت
- سلیم ادانیا
- یوسف فیلیپ لکریکو
- محمد نور عرشی خان

امیدوار (سبکدوش ہونے والے یا نئے) جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں شمولیت کے متمنی ہیں غیر معمولی اجلاسِ عام سے کم از کم ۱۴ دن پہلے اپنی تحریری درخواست کمپنی کو دے سکتے ہیں۔

خصوصی امور:

۳۔ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن برائے اجلاس بذریعہ آڈیو/ویڈیو کانفرنسنگ میں ترمیم۔

درج ذیل خصوصی قرارداد پر غور اور اسکی منظوری۔

درج ذیل آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے ایک نئے آرٹیکل ۷۸ کی صورت میں موجودہ آرٹیکل کی جگہ لے گا:

"ڈائریکٹرز، اگر مناسب سمجھیں، تو امور کی انجام دہی، اختتام کے لئے مل سکتے ہیں یا بورڈ کا اجلاس منعقد کر سکتے ہیں۔ ان اجلاس میں پیش کی گئی قرارداد معمولی اکثریتی ووٹ سے منظور کی جا سکتی ہے۔ چیف ایگزیکٹو یا سیکرٹری کسی بھی وقت، کسی دو ڈائریکٹرز کی درخواست پر، بورڈ کا اجلاس طلب کر سکتے ہیں۔ جب تک بورڈ کی منظوری نہ ہو، بورڈ کا اجلاس طلب کرنے کے لئے تمام ڈائریکٹرز کو کم از کم سات دن کا نوٹس ضرور دیا جائے اور اس نوعیت کے اجلاس اپنی وجوہ کا تعین بھی کریں گے۔ ڈائریکٹرز جو اجلاس کی اطلاع وصول کرنے، اس میں حصہ لینے یا اس میں ووٹ دینے کے اختیار ہیں کی منظوری کے بعد بورڈ کا اجلاس اس قرارداد میں مجوزہ مدت سے بھی کم عرصہ میں منعقد کیا جا سکتا ہے۔ کوئی بھی ڈائریکٹر اس طرح کے اجلاس سے پہلے، دوران یا بعد میں اس کے مقررہ وقت، جگہ یا وجوہ سے دستبردار ہو سکتا ہے۔ کسی ضروری یا ہنگامی امر کی انجام دہی کے لئے بورڈ کا اجلاس ہنگامی طور پر بھی بلایا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس کی اطلاع تمام ڈائریکٹرز کو بھیجی جائے۔ بورڈ کے اجلاس پاکستان میں یا اس سے باہر ٹیلیفونک کانفرنسنگ یا ویڈیو کانفرنسنگ، جس کا فیصلہ بورڈ کرے گا، کے ذریعے بھی منعقد کئے جا سکتے ہیں۔"

دیگر امور:

۴۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی اور امر کی انجام دہی یا منظوری۔

بحکم بورڈ

محمد نور عرشی خان
کمپنی سیکرٹری

کراچی
۶ مئی ۲۰۰۹

سیکشن (b)(i)۱۶۰ کے تحت ہدایت

بورڈ کے منظور فیصلے کے بعد کمپنی اگر ٹیلی کانفرنسنگ یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے بورڈ کا اجلاس منعقد کرنا چاہے تو کمپنی کو اپنے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کرنی ہوگی، جس کے لئے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز ایک غیر معمولی اجلاسِ عام کا انعقاد کریں گے۔

نوٹس

۱۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۳ جون ۲۰۰۹ سے ۱۰ جون ۲۰۰۹ تک بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کنکورڈ رجسٹرار سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ، ۵۱۶، بلاک ایف، نارتھ ناظم آباد، ۵۰، خیابانِ روی، کلفٹن، کراچی۔ ۵۷۶۰۰ کے پاس باضابطہ پہنچے ہوئے ٹرانسفرز، جس کی تاریخ ۳ جون ۲۰۰۹ ہے کسی معاوضہ ایکوئٹی کیلئے موزوں ہوں گے۔

۲۔ ہر رکن اجلاس میں شریک ہونے، بولنے اور ووٹ ڈالنے کا حق رکھتا ہے اور اپنی جگہ اجلاس میں شریک ہونے، بولنے اور ووٹ ڈالنے کے لئے کسی دوسرے شخص کو اپنا نمائندہ (پراکسی) مقرر کر سکتا ہے۔ مقرر کردہ نمائندہ اجلاس میں شریک ہونے، بولنے اور ووٹ ڈالنے کے معاملے میں ان ہی حقوق کا حقدار ہوگا ہوگی جو ایک رکن کو حاصل ہوتے ہیں۔

سی ڈی سی شیئر ہولڈرز جو اجلاس میں شریک ہونا چاہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی شناخت کیلئے اپنے اصل قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ، اکاؤنٹ نمبر اور شرکاء کے آئی ڈی نمبر اپنے ساتھ لائیں اور نمائندہ (پراکسی) ہونے کی صورت میں اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کریں۔

۳۔ نمائندہ (پراکسی) کے تقرر سے متعلق رسمی دستاویز اور اس کے ساتھ منسلک پاور آف اٹارنی (اگر کوئی ہو) یا کوئی دوسرا اختیار نامہ جس کے تحت اس پر دستخط کئے گئے ہوں اور ان کو اٹارنی دی گئی ہو یا نوٹری سے تصدیق شدہ نقل اجلاس کے انعقاد سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرا دیں۔

۴۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں کی تبدیلی کی اطلاع کمپنی رجسٹرار کو دیں۔